**بینک دولت پاکستان**
**شعبہ ملکی بازار اور زری انتظام**
**آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی**

ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 04 برائے 2020ء — 24 مارچ 2020ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز
تمام کمرشل بینک / پرائمری ڈیلرز

محترم / محترمہ

**<u>اسٹیٹ بینک کا پالیسی ریٹ اور شبینہ ریپو معکوس ریپو سہولتیں</u>**

براہ مہربانی ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 03 تاریخ 17 مارچ 2020ء ملاحظہ کیجیے۔ اس سرکلر کے حوالے سے درج ذیل تبدیلیوں کا اعلان کیا گیا ہے:

1۔ اسٹیٹ بینک نے اپنے پالیسی ریٹ (ٹارگٹ ریٹ) کو 12.50 فیصد سے کم کرکے 11.0 فیصد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

2۔ اسٹیٹ بینک کی شبینہ معکوس ریپو (بالائی) شرح 12.00 فیصد ہو گی یعنی اسٹیٹ بینک پالیسی ریٹ سے 100 بی پی ایس زیادہ۔

3۔ اسٹیٹ بینک کی شبینہ ریپو سہولت (زیریں) شرح 10.00 فیصد پر ہو گی یعنی اسٹیٹ بینک پالیسی ریٹ سے 100 بی پی ایس کم۔

4۔ چنانچہ شرحِ سود کوریڈور کی زیریں اور بالائی سطح بالترتیب 10.00 فیصد اور 12.00 فیصد سالانہ (یعنی 200 بی پی ایس کا عرض) ہو گی۔

اسٹیٹ بینک اس بات کو یقینی بنائے گا کہ بازارِ زر شبینہ شرح اسٹیٹ بینک کے پالیسی ریٹ (ٹارگٹ ریٹ) کے قریب رہے۔

مذکورہ تبدیلیاں 25 مارچ 2020ء سے نافذ العمل ہیں۔ تاہم مذکورہ موضوع پر دیگر ہدایات کسی تبدیلی کے بغیر برقرار رہیں گی۔

آپ کا مخلص

(محمد امین خان لودھی)
ڈائریکٹر